www.dailypakistanbulletin.PK

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعہ 24 راکتوبر 2025ء بمطابق یکم جمادی الاول 1447ھ | شمارہ 90 | قیمت 10 روپے

پاک فوج ہر دشمن کی جارحیت کیخلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی

آئی ایس پی آر

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا غلام اسحاق خان انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی صوابی کا دورہ

پاکستان نے افغانستان میں خوارج کی موجودگی کیخلاف موثر اقدامات کیے، آئندہ بھی پاک فوج ہر دشمن کی جارحیت کیخلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی

لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے حالیہ پاک افغان سرحدی جھڑپ، سکیورٹی صورتحال اور سوشل میڈیا کے کردار پر بھی گفتگو کی

صوابی (ویب ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے غلام اسحاق خان انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی صوابی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے حالیہ پاک افغان سرحدی جھڑپ، سکیورٹی صورتحال اور کہا ہے کہ افغانستان میں خوارج کی موجودگی کے خلاف مؤثر اقدامات کیے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے غلام سوشل میڈیا کے کردار پر گفتگو کی۔ اپنے خطاب میں لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا تھا کہ پاکستان نے افغانستان میں خوارج کی موجودگی کے خلاف مؤثر اقدامات کیے ہیں، آئندہ بھی پاک فوج ہر دشمن کی جارحیت کیخلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے، ہم نے اپنی ذمہ داری پوری کی ہے، اب افغان عبوری حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی سرزمین کو پاکستان کیخلاف استعمال نہ ہونے دے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان کی سرحدیں محفوظ بنانے کیلئے ہم نے باڑ لگائی ہے، ہم نے افغانستان کے ساتھ تجارت بند نہیں کی، ہم نے افغانستان کے ساتھ تجارت کیلئے 4 راستے کھولے ہیں، ہم نے افغانستان کے ساتھ تجارت کیلئے 4 راستے کھولے ہیں، ہم نے افغانستان کے ساتھ تجارت کیلئے 4 راستے کھولے ہیں۔

خبر بقیہ صفحہ 9 کالم نمبر 37

وفاقی کابینہ نے ٹی ایل پی پر پابندی کی منظوری دیدی

وزیرِ اعظم شہباز شریف کی زیرِ صدارت وفاقی کابینہ اجلاس میں ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کی منظوری دی گئی، ٹی ایل پی پر پابندی انسدادِ دہشت گردی ایکٹ کے سیکشن ایون بی ون کے تحت تجویز کی گئی

ٹی ایل پی کے رہنماؤں نے نفرت انگیز تقاریر کیں، مذہبی تنظیم فرقہ وارانہ انتہا پسندی اور اقلیتوں کے خلاف تشدد میں ملوث ہے، ٹی ایل پی کے ہجوم نے تشدد کیا اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا، چارج شیٹ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی کابینہ نے ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کی سفارش کی گئی۔ اس حوالے سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے بتایا ہے کہ حکومت پنجاب نے ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کی تجویز دی تھی۔ اس اجلاس منعقد ہوا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں ٹی ایل پی پر پابندی انسداد دہشت گردی ایکٹ کے سیکشن ایون بی ون کے تحت تجویز کی گئی۔ چارج شیٹ کے مطابق ٹی ایل پی کے رہنماؤں نے نفرت انگیز تقاریر کیں، مذہبی تنظیم فرقہ وارانہ انتہا پسندی اور اقلیتوں کے خلاف تشدد میں ملوث ہے، ٹی ایل پی کے ہجوم نے تشدد کیا اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا، وزارت داخلہ کی سفارشات میں ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کی سفارش کی گئی، اس حوالے سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے بتایا ہے کہ حکومت پنجاب نے ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کے لیے وفاقی کابینہ کو خط لکھا تھا، وفاقی کابینہ کے اجلاس میں ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کی منظوری دی گئی، کابینہ نے ضابطے کی کارروائی کیلئے وفاقی وزارت داخلہ کو اقدامات جاری کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کی منظوری دی گئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کی سفارش کی گئی۔ اس حوالے سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے بتایا ہے کہ حکومت پنجاب نے ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کے لیے وفاقی کابینہ کو خط لکھا تھا، وفاقی کابینہ کے اجلاس میں ٹی ایل پی پر پابندی لگانے کی منظوری دی گئی، کابینہ نے ضابطے کی کارروائی کیلئے وفاقی وزارت داخلہ کو اقدامات جاری کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت

خبر بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 30

قطر کا پاکستان میں 3 ارب ڈالر سرمایہ کاری کے عزم کا اعادہ

پاکستان اور قطر کے درمیان اقتصادی و تکنیکی تعاون سے متعلق متعدد پروٹوکول پر دستخط ہوئے

پاکستان اور قطر کی ایوی ایشن اتھارٹیز کے درمیان جلد ایک مشاورتی اجلاس منعقد کیا جائیگا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) قطری جانب سے پاکستان میں 3 ارب ڈالر سرمایہ کاری کے عزم کا اعادہ، معاہدوں پر دستخط ہوگئے۔ وفاقی دارالحکومت میں پاکستان اور قطر کے درمیان چھٹے مشترکہ وزارتی کمیشن (سے اجلاس ہوا، جس کی صدارت وزیر تجارت جام .....

بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

اسلام آباد: نائب وزیر اعظم اسحٰق ڈار، پولیس کے نائب وزیر اعظم سے مصافحہ کر رہے ہیں

وفاق کے پی کیساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہا ہے

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا اڈیالہ کے باہر احتجاج

اڈیالہ کے باہر دھرنے میں پی ٹی آئی رہنماؤں جنید اکبر، مینا خان آفریدی، ڈاکٹر شفقت ایاز، رانا فراز نون اور دیگر نے شرکت کی

جب سے وزیراعلیٰ بنا ہوں مجھے ٹارگٹ کیا جا رہا ہے، عدالتی احکامات کے باوجود ہمیں آج اپنے لیڈر سے ملنے نہیں دیا گیا

بحیثیت وزیراعلیٰ عوام کیلئے کام کرنا میرا فرض ہے، عزت اور وقار کے ساتھ افغان بھائیوں کو واپس بھیجیں گے، میڈیا سے گفتگو

میں نے تمام قانونی راستے اپنائے ہیں، میں آج سے عوام میں جا رہا ہوں، پھر عوام نے فیصلہ کرنا ہے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

راولپنڈی (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اسکیل آفریدی اڈیالہ روڈ پر گاڑی کے چھت پر کھڑے ہو کے بے ضابطہ ریلی سے مخاطب ہوئے۔ ڈاکٹر شفقت ایاز، رانا فراز نون اور دیگر نے شرکت کی۔ دھرنے کے باعث ریلی میں شریک کارکنوں کو الرٹ کر دی گئی تھی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اسکیل آفریدی نے کہا کہ میں نے پی ٹی آئی رہنماؤں جنید اکبر، مینا خان آفریدی، ڈاکٹر شفقت ایاز، رانا فراز نون اور دیگر نے شرکت کی۔ دھرنے کے باعث روٹ لگی تھی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اسکیل آفریدی نے کہا کہ میں یہاں اپنے لیڈر سے ملنے آیا ہوں۔ کیوں ہوں مجھے ہراست کیا جا رہا ہے، عدالتی احکامات کے باوجود ہمیں آج اپنے لیڈر سے ملنے نہیں دیا گیا اپنے لیڈر سے رضاکی لینی ہے اس لئے ملاقات کرنا ضروری ہے۔ سہیل .....

بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف سے معروف کاروباری شخصیات اور صنعتکاروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے

بیگم نصرت بھٹو کا حوصلہ اور استقامت قوم کیلئے مشعل راہ ہے، صدر مملکت

بیگم نصرت بھٹو نے مشکل وقت کا ہمت کے ساتھ سامنا کیا اور جمہوری اقدار پر کاربند رہیں

بیگم نصرت بھٹو نے مشکل حالات میں ثابت قدمی اور عزم کا مظاہرہ کیا، آصف زرداری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بیگم نصرت بھٹو کی 14ویں برسی پر اپنے خصوصی پیغام میں ملک میں جمہوریت کے لیے جدوجہد میں ان کی ہمت اور کردار کو خراج تحسین پیش کیا۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت .....

بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

پاکستان میں 23 لاکھ کیسز عدالتوں میں زیرِ سماعت ہیں، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں 3 رکنی بنچ کے سامنے 16 کیسز کے ہوئے تھے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر .....

بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ سے نیدرلینڈ کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

کوشش کی جا رہی ہے کہ مجھے گرفتار کر کے قید میں رکھا جائے، علیمہ خان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کا کہنا ہے کہ کوشش کی جا رہی ہے کہ مجھے گرفتار کر کے قید میں رکھا جائے۔ مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر گفتگو .....

بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

پاک فضائیہ کی بنیاد رکھنے میں پولینڈ کا اہم کردار رہا ہے، اسحاق ڈار

نائب وزیراعظم پولینڈ کے دورہ پاکستان کا خیر مقدم کرتے ہیں، پریس بریفنگ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ راؤ محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان اور پولینڈ کے سفارتی تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے، پاک فضائیہ کی بنیاد رکھنے میں پولینڈ کا اہم کردار ہے۔ پولینڈ کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ .....

بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

پاکستان کی خطے میں کلیدی حیثیت ہے

اسحاق ڈار

پاکستان کی شاہراہیں علاقائی رابطہ کاری میں کردار ادا کر رہی ہیں، حکومت ریل اور روڈ ٹیبل ورکس کو ترجیحی بنیادوں پر فروغ دے رہی ہے

روابط کے فروغ سے ہی اجتماعی ترقی کا ہدف حاصل کیا جاسکتا ہے، سی پیک کے تحت روڈ منصوبے رابطوں کے حوالے سے اہم ہیں

بجلی کے منصوبے توانائی میں کفالت کے حوالے سے اہم ہیں، ہم اپنی بندرگاہوں کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں، کانفرنس

اسلام آباد (ویب ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان جنوبی ایشیا اور وسطی ایشیا کے درمیان رابطے کا ذریعہ ہے، پاکستان کی شاہراہیں علاقائی رابطہ کاری میں کلیدی حیثیت رکھتی ہیں۔ اسلام آباد میں ریجنل ٹرانسپورٹ منسٹرز کانفرنس 2025ء سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان علاقائی رابطوں کو بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، معاشی ترقی میں .....

بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

شاندار میزبانی پر پاکستان کا شکریہ ادا کرتا ہوں، نائب وزیراعظم پولینڈ

پاکستان اور پولینڈ کے درمیان تعاون کی یادداشتوں پر دستخط خوش آئند ہے، مشترکہ پریس بریفنگ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پولینڈ کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ راؤ محمد اسحاق خان سے ملاقات ہوئی۔ تجارت، معیشت سمیت دیگر شعبوں میں تعاون پر خیال خیال ہوا۔ معاہدات .....

بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

اسرائیل نے مغربی کنارے کو ضم کیا تو امریکا کی حمایت کھو بیٹھے گا، ٹرمپ

ہم نے عرب ممالک سے بڑی حمایت حاصل کی ہے اور اس وقت ایسا اقدام ممکن نہیں

خبر ادارکیا ہے کہ اگر اسرائیل نے مغربی کنارے کو ضم کرنے کی کوئی کوشش کی تو اسے امریکا کی مکمل حمایت سے محروم ہونا پڑے گا۔ ٹرمپ میگزین کے 15 اکتوبر کو دیے گئے ایک انٹرویو میں، جو آج شائع ہوا، صدر ٹرمپ سے اسرائیلی حکومت .....

بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

عدالت کا عمران خان سے جیل ملاقاتوں کے آرڈر پر عملدرآمد کا حکم

چیف جسٹس سرفراز ڈوگر، جسٹس ارباب جسٹس افضل خان پر مشتمل 3 رکنی بنچ نے حکم جاری کیا

بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں سکیورٹی پالیسی آرڈرز کے مطابق کرائی جائیں گی، اٹارنی جنرل

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان سے جیل ملاقاتوں کے آرڈر پر عملدرآمد کا حکم دے دیا، فہرست کے مطابق ملاقاتیں کروائی جائے۔ عدالت نے سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو ہدایت کی ہے کہ وہ ملاقاتوں کے .....

بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

عدالتی بینچز خواہشات نہیں آئین و قانون کے مطابق بنیں گے

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ کے آئینی بنچ کے سربراہ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 8 رکنی بنچ نے 26ویں آئینی ترمیم کیخلاف کیس کی سماعت کی

26ویں آئینی ترمیم سے پہلے والا 16 رکنی فل کورٹ تشکیل دیا جائے یا سپریم کورٹ کے تمام 24 ججوں کو شامل کر کے فل کورٹ بنایا جائے، وکیل

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ کے 6 ججوں کے خط پر سپریم کورٹ کے آئینی بنچ کے سربراہ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 8 رکنی بنچ نے 26ویں آئینی ترمیم کیخلاف کیس کی سماعت کی، دوران سماعت وکیل درخواست گزار عزیر چغتائی نے دلائل میں کہا دیے ہیں عدالتی غیر خواہشات کے مطابق نہیں بلکہ آئین و قانون کے مطابق بنیں گے۔ سپریم کورٹ کے سربراہ جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیے کہ عدالتی بنچ کے ججز کی تعداد کتنی ہونی چاہیے، 26ویں آئینی ترمیم سے پہلے والا 16 رکنی فل کورٹ بنایا جائے یا سپریم کورٹ کے تمام 24 ججوں کو شامل کر کے فل کورٹ بنایا جائے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے استفسار کیا کہ کیا 31 اکتوبر 2024ء والی کمیٹی کو تشکیل دیا جائے یا سپریم کورٹ کے تمام 24 ججوں کو شامل کر کے فل کورٹ بنایا جائے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے استفسار کیا کہ کیا 31 اکتوبر 2024ء والی کمیٹی کو ایسا اختیار حاصل تھا کہ ایسا فیصلہ کر سکتی؟ کیا کمیٹی نے آئین و قانون کے مطابق .....

بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نیپ کی تیسری سہ ماہی میں 1.10 ٹریلین روپے کی بازیابی

قومی خزانے کی آمدنی میں بے مثال اضافہ

پیکیج کے تحت صنعتوں، کسانوں کو آئندہ 3 سالوں (نومبر 2025ء سے اکتوبر 2028ء) میں رعایتی قیمت پر اضافی بجلی فراہم کی جائیگی

ملکی صنعتوں، زرعی شعبے کی خطے میں مسابقت بڑھانے اور کاروباری سہولتوں میں اضافے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں، ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (اے پی پی) نیپ کی سال 2025ء کی تیسری سہ ماہی میں 1.10 ٹریلین روپے (1102.04 کھرب روپے) کی بازیابی۔ قومی خزانے کی آمدنی میں بے مثال اضافہ۔ قومی احتساب بیورو (نیب) نے ٹیکنالیجی اور احتساب کے عزم کو برقرار رکھتے ہوئے سال 2025ء کی تیسری سہ ماہی میں 1,102.04 ارب روپے (2 کھرب 11.0 ارب روپے) کی وصولی کی ہے، جو بازیابی مجموعی سہ ماہی میں کی گئی اب تک کامیابی کا سب سے بڑا اضافہ ہے، یہ 4 سال 5 ماہ 3 ارب روپے کی بازیابی سے 645.74 ارب روپے زیادہ ہے جو کہ نیب کی قومی اثاثوں کے تحفظ اور عوامی اعتماد کو مستحکم کرنے کے عزم کو اجاگر کرتی ہے۔ نیب نے 2025ء کی پہلی تین سہ ماہیوں میں مجموعی طور پر .....

بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

لاہور: پنجاب کی وزیر اطلاعات و ثقافت، عظمیٰ بخاری میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

جیل میں قیدیوں کی سیاسی گفتگو پر پابندی کا قانون بحال

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے جیل میں قیدیوں کی سیاسی گفتگو پر پابندی کا قانون بحال کر دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے جیل میں قیدیوں کی سیاسی گفتگو پر پابندی کا قانون کالعدم قرار دیدیا .....

بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

عمران خان کی ضمانت کی درخواستوں پر تمام مقدمات کا مکمل ریکارڈ طلب

راولپنڈی (ویب ڈیسک) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے خلاف 6 نومبر احتجاج کے 6 مقدمات میں ضمانت کی درخواست پر سماعت 6 نومبر کو ہوگی۔ نیب نے 2025ء کی پہلی تین سہ آئندہ تاریخ پر تمام .....

بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | منیجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے آل اسعد پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر شائع کیا۔
نمبر 42، فلور فلور، ہیڈ آفس بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی میں شائع کیا۔
021-35210448 | 021-35210448
021-36450295
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

مہنگائی اور معیشت کے حوالے سے آؤٹ لک کی دو متضاد رپورٹیں

عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان میں معاشی اصلاحات کے تسلسل اور مالی بہتری کا اعتراف کیا ہے۔ آئی ایم ایف کی مڈل ایسٹ اینڈ سینٹرل ایشیا ریجنل ایکنامک آؤٹ لک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں رواں مالی سال معاشی ترقی 3.6 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ سال 25-2024 میں پاکستان میں ترسیلات زر، کرنٹ اکاؤنٹ میں بہتری آئی۔ رپورٹ میں پاکستان میں سال 26-2025 میں مہنگائی دوبارہ بڑھنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ پاکستان میں بجلی پر سبسڈی کے خاتمے، ٹیرف کے معمول پر آنے سے دباؤ بڑھے گا۔ علاقائی کشیدگی کے بھی ٹیکے کی معاشی ترقی کو متاثر کرسکتی ہے۔ آئی ایم ایف رپورٹ میں کہا گیا کہ 2025 کی تیسری سہ ماہی میں سیلاب کے معیشت پر منفی اثرات کا خدشہ ہے۔ پاکستان میں سیلاب کے ان منفی اثرات کی شدت تاحال غیر یقینی ہے۔

گزشتہ دنوں آئی ایم ایف نے اپنی ورلڈ اکنامک آؤٹ لک کی رپورٹ جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ پاکستان میں مہنگائی اور بے روزگاری میں کمی کا قومی امکان ہے جبکہ گزشتہ روز خود وہی اپنی یکطرفہ رپورٹ سے انحراف کرتے ہوئے یہ عندیہ دے رہا ہے کہ پاکستان میں سال 26-2025 میں مہنگائی مزید بڑھ سکتی ہے۔ ان دونوں متضاد رپورٹوں پر عوام کس طرح مطمئن ہو سکتے ہیں۔ جہاں تک ترسیلات زر کرنٹ اکاؤنٹ میں بہتری آنے کے تعلق ہے تو اس بہتری کا عام آدمی کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ رہا جبکہ معیشت بھی جوں کی توں لڑکھڑاتی نظر آرہی ہے البتہ اس بہتری سے آئی ایم ایف ضرور مطمئن نظر آرہا ہے جسے صرف آئی ایم ایف کی واہ واہ سے روٹی دکھائی دے رہی ہے۔ رپورٹ میں آئی ایم ایف یہ بھی اعتراف کیا ہے کہ بجلی پر سبسڈی کے خاتمے، ٹیرف کے معمول پر آنے سے دباؤ بڑھے گا۔ علاقائی کشیدگی بھی ٹیکے کی معاشی ترقی کو متاثر کرسکتی ہے اور حالیہ سیلاب کے بھی معیشت پر منفی اثرات کا خدشہ ہے یہ سب جاننے کے باوجود آئی ایم ایف پاکستان کے ساتھ کس طرح کی رعایت یا اسے کوئی سہولت فراہم نہیں کرتا بلکہ وہ اپنی کڑی شرائط پر ہی پاکستان کو قرض کی معمولی قسط جاری کرتا ہے جسے بھی قسمتی سے حکمران عوامی مشکلات کا ادراک رکھتے ہوئے بھی من وعن تسلیم کرتے جا رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جب تک آئی ایم ایف جیسے مالیاتی اداروں سے مستقل پیچھا چھڑانے کے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات نہیں کیے جاتے نہ معیشت بہتر ہو سکتی ہے نہ مہنگائی پر قابو پایا جا سکتا ہے جبکہ عام آدمی کی خوشحالی معیشت کی بہتری اور مہنگائی میں کمی سے ہی جڑی ہے۔ حکومت کی جانب سے قوم کو یہ یقین دہانی ضرور کرائی جارہی ہے کہ یہ آئی ایم ایف کا آخری پروگرام ہے لیکن اسکی جانب سے ایسے کوئی اقدامات ہوتے دکھائی نہیں دے رہے جو قوم کو امید دلا سکیں کہ آئی ایم ایف کے ساتھ واقعی حکومت کا یہ آخری پروگرام ہے۔

ناقص پیٹرولیم مصنوعات

کشمیر معیاری پمپ کرکے اس روز مصنوعات کی فروخت کی اجازت دیں۔ روزانہ کی بنیاد پر پٹرولیم مصنوعات کا آپریشن پر جب تک معیار پمپ کیس کیا جائے اس وقت تک نہیں کیس معیاری پٹرولیم مصنوعات کی نہ تو فروخت روکی جائے گی اور نہ ہی فضائی آلودگی میں کمی کے متاصد کا حصول ممکن ہے۔ ناقص پٹرولیم مصنوعات فروخت کرنے والی اٹک ماریکٹنگ کمپنیوں کے ڈیپوز مہر کرکے بھاری جرمانے کیے جائیں۔ پاکستان میں جو پٹرولیم مصنوعات فروخت ہو رہی ہیں ایسا انڈسٹرک کنٹرول نظر نہیں آتا۔ جب گاڑیوں کو معیاری ایندھن میسر نہیں آئے گا تو ان گاڑیوں میں دھواں دیتی ہیں۔ حکومت بجائے معیاری ایندھن کی فراہمی کو یقینی بنانے کے گاڑیوں کے خلاف مقدمات درج شروع کرے گی اپنی ذمہ داریوں سے پہلوتہی کرتی نظر آتی ہے۔ اسی وجہ سے کھوتی اقدامات کے باوجود فضائی آلودگی میں اضافہ ہی ہوتا جارہا ہے۔

رحمت خان ورگ

ہے۔ ملک بھر میں ناقص ملاوٹ شدہ اور غیر معیاری پٹرولیم مصنوعات کی فروخت جاری ہے جس پر حکومت کا کوئی کنٹرول نظر نہیں آتا۔ جب گاڑیوں کو معیاری ایندھن میسر نہیں آئے گا تو ان گاڑیوں میں دھواں دیتی ہیں۔ حکومت بجائے معیاری ایندھن کی فراہمی کو یقینی بنانے کے گاڑیوں کے خلاف مقدمات درج شروع کرے گی اپنی ذمہ داریوں سے پہلوتہی کرتی نظر آتی ہے۔ اسی وجہ سے کھوتی اقدامات کے باوجود فضائی آلودگی میں اضافہ ہی ہوتا جارہا ہے۔

سوشل میڈیا کی محبت اور بربادی کا المیہ

پروفیسر ڈاکٹر منظر کھلوروی

عصر حاضر میں سوشل میڈیا نے جہاں دنیا کو ایک گلوبل گاؤں میں بدل دیا ہے، وہیں انسان کو اپنی ہی جذبات، احساسات اور اقدار سے دور کر دیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم جو کبھی علم، رابطے اور اظہار کا ذریعہ تھا، آج محبت، اعتماد اور تعلقات کے نام پر دھوکے، انتشار اور بربادی کا ایک بازار بن چکا ہے۔ کہا یہ وہی محبت ہے جو کبھی عبادت، وفا اور اعتبار کا استعارہ تھی؟ آج یہ صحت ایک "بیماری" سے شروع ہوتی ہے، "آزمائش" پر پروان چڑھتی ہے، اور "اسکرین شاٹ" یا "ویڈیو لیک" پر ختم ہو جاتی ہے۔ اعداد و شمار کی بھیانک حقیقت ایک حالیہ سروے کے مطابق 2018 سے 2022ء کے دوران صرف پاکستان میں دو لاکھ تیس ہزار لڑکیاں سوشل میڈیا پر محبت کے نام پر جنسی استحصال کا شکار ہوئیں۔ یہ وہ لڑکیاں تھیں جنہیں محبت کے نام پر "اظہار کی آزادی" "فیمیل کردوں گا" اور "تم میری اکلوتی ہو" جیسے جملوں سے بہلا کر ان کی تصاویر اور ویڈیوز حاصل کی گئیں۔ افسوس! بعد ازاں انہی ویڈیوز کو بلیک میلنگ، جنسی تعلقات اور دوستوں کے ساتھ شیئرنگ کے لیے استعمال کیا گیا۔ نیتجتاً وہ نہ صرف ذہنی اذیت کا شکار ہوئیں، بلکہ کئی نے خودکشی کر لی۔ یہ کوئی ایک واقعہ نہیں بلکہ ایک منظم رجحان ہے جس کی جڑیں سوشل میڈیا الگورتھمز کے ساتھ ساتھ ہماری سماجی بے حسی میں بھی پیوست ہیں۔ ہر وہ لڑکی جو اپنی تنہائی کو دور کرنے کے لیے آن لائن سفر پر نکلتی ہے، ایک ایسے جال میں پھنس جاتی ہے جو اسے عزت، سکون اور خود اعتمادی سے محروم کر دیتا ہے۔ ہمارے معاشرے کا المیہ یہ ہے کہ ہم ہر مسئلے کا حل "قانون" میں ڈھونڈتے ہیں، جبکہ اصل مسئلہ "تربیت" کا ہے۔ ہم اپنی بیٹیوں کو تو سکھاتے ہیں کہ کس سے بات کرنی ہے اور کس سے نہیں، مگر اپنے بیٹوں کو یہ نہیں سکھاتے کہ کسی لڑکی کی تصویر یا ویڈیو کو شیئر کرنا کتنا بڑا جرم ہے۔ ہم اپنی بیٹیوں کو تو "عزت" کے خول میں بند کر دیتے ہیں، مگر بیٹوں کو "مرد" بننے کی کھلی چھوٹ دے دیتے ہیں۔ یہ دوہرا معیار ہی اس بگاڑ کی جڑ ہے۔ ہمیں اپنے گھروں، تعلیمی اداروں اور میڈیا میں اس سوچ کو بدلنا ہوگا کہ عزت صرف لڑکی کی ذمہ داری ہے۔ ہر لڑکا اور لڑکی برابر کے ذمہ دار ہیں، اور ہر ایک کو اپنے حصے کا سچ بولنا ہوگا۔ ہمیں اپنے بچوں کو یہ سکھانا ہوگا کہ محبت کبھی بھی کسی کی عزت، سکون یا زندگی سے بڑھ کر نہیں ہو سکتی۔ اگر ہم نے آج اپنی بیٹیوں کو محفوظ نہ بنایا تو کل ہماری بہنیں، مائیں اور بیویاں بھی اسی خوف کے سائے میں جینے پر مجبور ہوں گی۔ یہ وقت ہے کہ ہم اپنی خاموشی توڑیں، اپنے بچوں کو شعور دیں، اور ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیں جہاں محبت کو عزت، اعتماد اور وفا کے ساتھ جوڑا جائے، نہ کہ دھوکے، بلیک میل اور بربادی کے ساتھ۔ کیونکہ اگر ہم آج خاموش رہے تو کل ہماری بیٹیاں بھی اسی اندھیری گلی میں کھو جائیں گی جہاں سے واپسی کا کوئی راستہ نہیں ہوتا۔

پکتیکا میں خوارج کا صفایا۔ پاکستان کا فیصلہ کن اقدام

"کرنک ٹیم" کو نشانہ بنایا گیا۔ تاہم حقائق اس کے برعکس ہیں۔ پاکستانی سیکیورٹی ذرائع نے واضح کیا ہے کہ اس حملے میں پرائیویٹ ملیشیا کے 400 سے زائد ارکان ہلاک ہوئے جو خوبیل خیل، مرکزی عرسے سے پاکستان کے مختلف علاقوں میں منصوبوں کی منصوبہ بندی اور عمل درآمد میں ملوث تھے۔ یہ امر خصوصی توجہ کا حامل ہے کہ اس کارروائی کو نہایت درستگی اور احتیاط کے ساتھ انجام دیا گیا تاکہ کسی بھی شہری کو نقصان نہ پہنچے۔ تفصیل اس سارے معاملے کی یہ ہے کہ 15 اکتوبر کو افغان طالبان پاکستان کی سرحدی چوکیوں پر بلااشتعال فائرنگ کی۔ جس کا مقصد پاکستان کی توجہ اپنے اندرونی مسائل سے ہٹانا تھا۔ اس کے بعد 16 اکتوبر کو افغان طالبان نے کابل، قندھار اور پکتیکا سمیت متعدد شہروں پر فضائی حملے کیے۔ ان حملوں کا مقصد پاکستان کی فضائی برتری کو چیلنج کرنا تھا۔ اس کے جواب میں پاکستان نے 19 اکتوبر کو افغانستان کے اندر ان ٹھکانوں پر فضائی حملے کیے جہاں سے حملہ آور گروپوں کو منظم کیا جا رہا تھا۔ ان حملوں میں پاکستان کی جانب سے کسی شہری آبادی کو نشانہ نہیں بنایا گیا۔ بلکہ صرف ان مقامات کو ہدف بنایا گیا جہاں سے دہشت گرد حملوں کی منصوبہ بندی کی جا رہی تھی۔ اس کارروائی کے بعد افغان طالبان نے پاکستان کے ساتھ تمام سفارتی رابطے منقطع کر دیے۔ یہ پاکستان کی جانب سے ایک واضح پیغام تھا کہ ریاست اپنی سرحدوں اور عوام کے تحفظ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ یہ کارروائی صرف ایک فوجی کارروائی نہیں بلکہ ایک سوچی سمجھی حکمت عملی کا حصہ تھی۔ پاکستان کی جانب سے بارہا کہا گیا تھا کہ اگر افغان حکومت دہشت گرد گروہوں کے خلاف مؤثر قدم نہیں اٹھاتی تو اپنی حفاظت کے لیے خود کارروائی کرے گا۔ اس بار یہ کارروائی صرف پاکستان کے دفاعی عزم کا اظہار ہے بلکہ اس حقیقت کی بھی تصدیق کرتی ہے کہ اس کی راہ میں ممکن ہے جب دہشت گردی کی پرورش کو مکمل طور پر اکھاڑ نہ دیا جائے۔ ایسے میں پاکستان کے لیے یہ کارروائی خوارج کے خاتمے کے ایک واضح پیغام دیتا ہے: پاکستان کسی بھی دہشت گرد کو یہاں کے سرحدوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ اس کے ساتھ ہی یہ کارروائی افغان طالبان کو بھی ایک واضح پیغام دیتا ہے کہ وہ دہشت گردی کی پرورش کو مکمل طور پر اکھاڑ پھینکیں۔ اگر افغان حکومت ایسا نہیں کرتی تو پاکستان کو اپنی حفاظت کے لیے ایسے اقدامات کرنے ہوں گے۔ یہ کارروائی صرف پاکستان کے دفاعی عزم کا اظہار ہے بلکہ اس حقیقت کی بھی تصدیق کرتی ہے کہ امن کی راہ تب ہی ممکن ہے جب دہشت گردی کی پرورش کو مکمل طور پر اکھاڑ دیا جائے۔ اب یہ افغان حکومت پر منحصر ہے کہ وہ اپنی سرزمین کو پاکستان مخالف سرگرمیوں کے لیے استعمال ہونے سے روکیں، ورنہ حالات مزید خراب ہو سکتے ہیں۔ پاکستان کی جاری کارروائی اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان اپنی سرحدوں اور عوام کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کرے گا۔ اب یہ افغان حکومت پر منحصر ہے کہ وہ اپنی سرزمین کو پاکستان مخالف سرگرمیوں کے لیے استعمال ہونے سے روکیں، ورنہ حالات مزید خراب ہو سکتے ہیں۔ اب یہ افغان حکومت پر منحصر ہے کہ وہ اپنی سرزمین کو پاکستان مخالف سرگرمیوں کے لیے استعمال ہونے سے روکیں، ورنہ حالات مزید خراب ہو سکتے ہیں۔

شہر قائد

مختلف یونیسز میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے منصوبے کا سنگ بنیاد

شہریوں کو معیاری بلدیاتی سہولیات فراہم کرنے کا وعدہ پورا کیا جارہا ہے، میئر کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے بھرات کے روڈ، ضلع وسطی کی مختلف یونیز میں ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھ دیا، اس موقع پر ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد، ڈی جی کنٹونمنٹ بورڈ کراچی، ایڈمنسٹریٹر ڈی ایچ اے کراچی، ضلع وسطی کی مختلف یونین کونسلوں کے چیئرمین، ٹاؤن چیئرمین، علاقہ عمائدین اور بڑی تعداد میں مقامی شہری موجود تھے، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے اس موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلدیہ عظمیٰ کراچی کی جانب سے ضلع وسطی کی مختلف یونینز میں اندرونی سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے منصوبے کا باقاعدہ کام شروع کردیا گیا ہے، ان منصوبوں کے تحت لیاقت آباد فرنچز، مارکیٹ، غریب آباد اور منظور کالونی کے علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے کام شروع ہے جاری ہیں، انہوں نے کہا کہ گھمبی طور پر 2 لاکھ 5 ہزار اسکوئر فٹ سے زائد رقبے پر 2 لاکھ 20 ہزار اسکوئر فٹ انگریزی میں کوریں بچھایا جائے گا جبکہ 14 کلو 30 ہزار مربع فٹ پیور بلاک کی تنصیب کی جائے گی، اس منصوبے میں 80mm اور 60mm کے پیورز استعمال کیے جارہے ہیں تاکہ سڑکوں کی پائیداری کو یقینی بنایا جاسکے، ان منصوبوں کی تکمیل سے علاقے میں ٹریفک کی روانی بہتر ہوگی، عوام کی آمدورفت میں آسانی پیدا ہوگی اور شہریوں کو معیاری بلدیاتی سہولیات فراہم کرنے کا وعدہ پورا کیا جارہا ہے، انہوں نے کہا کہ شہر کے برھانے میں ترقیاتی منصوبے جاری ہیں تاکہ شہریوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کی جاسکیں، بلدیہ عظمیٰ کراچی شہریوں کی خدمت کے لیے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے، اس موقع پر میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے ماہر رہبر ہیوسٹن کنٹونمنٹ بورڈ سے شعبہ تعمیرات و ترقیات کے ڈائریکٹر ہیوسٹن ٹیکساس کے ڈائریکٹر ہیوسٹن ٹیکساس کے ڈائریکٹر ہیوسٹن ٹیکساس

بقیہ نمبر 01

جائے گی، اس موقع پر گورنمنٹ آف سندھ اور وفاقی حکومت کے نمائندوں کو مدعو کیا جائے گا۔ اجلاس میں تعلیم، صحت، زراعت، ماحولیات، ٹرانسپورٹ، توانائی، سیاحت، ثقافت، سماجی بہبود، خواتین کی ترقی، اقلیتوں کے حقوق اور دیگر اہم شعبوں کے ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی غور و خوض کیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران ہر شعبے کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا، منصوبوں کی پیش رفت، درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے تجاویز پر بھی تفصیلی بحث کی جائے گی۔ اجلاس کے بعد ایک مشترکہ اعلامیہ جاری کیا جائے گا، جس میں اجلاس کے فیصلوں اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تعین کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 02

طور پر ہیلتھ کمپلیکس کیا جائے تاہم وہ جانچ نہ ہو سکے۔ ایس پی آئی ٹاؤن عمر رضوی آفریدی اور ایس ایچ او تھانہ بکرا پیراں سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ایس ایچ او نے ایس پی آئی ٹاؤن کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ ملاقات کے دوران ایس پی آئی ٹاؤن نے ایس ایچ او کو ہدایات جاری کیں۔ ایس پی آئی ٹاؤن نے ایس ایچ او کو ہدایت کی کہ علاقے میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کریں۔ ایس پی آئی ٹاؤن نے ایس ایچ او کو ہدایت کی کہ علاقے میں منشیات فروشی کے خلاف کارروائی کریں۔ ایس پی آئی ٹاؤن نے ایس ایچ او کو ہدایت کی کہ علاقے میں گشت کو یقینی بنائیں۔ ایس پی آئی ٹاؤن نے ایس ایچ او کو ہدایت کی کہ علاقے میں ناکہ بندی کو یقینی بنائیں۔ ایس پی آئی ٹاؤن نے ایس ایچ او کو ہدایت کی کہ علاقے میں جرائم کی روک تھام کے لیے اقدامات کریں۔ ایس پی آئی ٹاؤن نے ایس ایچ او کو ہدایت کی کہ علاقے میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کریں۔

بقیہ نمبر 03

کے دارالحکومت کراچی تھا۔ سندھی کے مقدمے میں کارروائی کے دوران سپریم کورٹ نے کہا کہ ہم نے اپنے ایم این اے ایاز سومرو کے ذریعے کہا کہ سندھ کے ایک وزیر کی طرف سے ہمیں بتایا گیا، 511 ایکڑ ڈھائی زبیر کی قیمت کے برابر ہے، ہم نے نہیں لکھا۔ ایک ایڈیشنل جج نے مقدمہ کا فیصلہ لکھ دیا، جو واقعی کرنے کا تھا، اس کو سپریم کورٹ نے بھی کہا، ہم نے نہیں لکھا، ایک ایڈیشنل جج نے لکھا، ہم نے صرف اس کے دستخط کیے ہیں

پیپلز پارٹی نے خواتین کی فلاح کیلئے تاریخی اقدامات کیے ہیں

فریال تالپور

پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما محترمہ فریال تالپور کی جانب سے پاک چین دوستی امن، ترقی اور مساوات کے خوابوں کی شراکت داری قرار

پیپلز پارٹی نے خواتین کے لیے پنک بس سروس اور مفت الیکٹرک اسکوٹیز متعارف کرائیں، جو خطے میں ایک منفرد مثال ہے، سینئر وزیر شرجیل انعام میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما محترمہ فریال تالپور نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی محض دو ممالک میں نہیں بلکہ امن، ترقی اور برابری کے مشترکہ خوابوں کی شراکت داری ہے، یہ دوستی وقت کی ہر آزمائش پر پوری اتری ہے، جو باہمی اعتماد اور احترام کی بنیاد پر قائم ہے۔ کراچی میں چین کے قونصل خانے پر حملے کے موضوع پر منعقدہ خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فریال تالپور نے کہا کہ خواتین کی ترقی دراصل قومی ترقی کی ضمانت ہے، اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے خواتین کے سیاسی، سماجی اور معاشی حقوق کی جو جدوجہد کی تھی، فریال تالپور نے کہا کہ آج چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور صدر آصف علی زرداری شہید پی پی کے وژن کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ خواتین کی فلاح کے لیے تاریخی اقدامات کیے ہیں۔ سینیٹر محترمہ شہناز وزیر نے کہا کہ آج پیپلز پارٹی نے خواتین کو بااختیار بنانے کے متعدد منصوبے شروع کیے ہیں، جو ہمارے معاشرے کی ترقی کی ضمانت ہیں۔ پنک بس سروس اور مفت الیکٹرک اسکوٹیز متعارف کرائیں، جو خطے میں ایک منفرد مثال ہے، سینئر وزیر شرجیل انعام میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما محترمہ فریال تالپور نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی محض دو ممالک میں نہیں بلکہ خطے اور دنیا میں امن، ترقی اور برابری کے مشترکہ خوابوں کی شراکت داری ہے۔ یہ دوستی وقت کی ہر آزمائش پر پوری اتری ہے، جو باہمی اعتماد اور احترام کی بنیاد پر قائم ہے۔ کراچی میں چین کے قونصل خانے پر حملے کے موضوع پر منعقدہ خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فریال تالپور نے کہا کہ خواتین کی ترقی دراصل قومی ترقی کی ضمانت ہے، اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے خواتین کے سیاسی، سماجی اور معاشی حقوق کی جو جدوجہد کی تھی، فریال تالپور نے کہا کہ آج چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور صدر آصف علی زرداری شہید پی پی کے وژن کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ خواتین کی فلاح کے لیے تاریخی اقدامات کیے ہیں۔ سینیٹر محترمہ شہناز وزیر نے کہا کہ آج پیپلز پارٹی نے خواتین کو بااختیار بنانے کے متعدد منصوبے شروع کیے ہیں، جو ہمارے معاشرے کی ترقی کی ضمانت ہیں۔ پنک بس سروس اور مفت الیکٹرک اسکوٹیز متعارف کرائیں، جو خطے میں ایک منفرد مثال ہے، سینئر وزیر شرجیل انعام میمن

عوام کے تعاون کے بغیر فضائی آلودگی پر قابو نہیں پایا جاسکتا، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب

لاہور (ویب ڈیسک) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نشست سے خطاب کرتے ہوئے

وزیر مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ سموگ کی وجہ سے کاروبار زندگی شدید متاثر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

اور نگزیب نے کہا ہے کہ حکومت سموگ سے نمٹنے کے لیے تمام اقدامات کر رہی ہے۔ کنٹینر ڈکٹ کا لاہور میں

چاند نظر آ گیا، پاکستان میں آج یکم جمادی الاول ہوگئی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ملک میں جمادی الاول 1447ھ کا چاند نظر آ گیا، آج 24 اکتوبر کو یکم جمادی الاول ہوگی۔ چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کی زیر صدارت رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

نوادا کیئرنے لاہور میڈیکل پراجیکٹ بارے آن لائن افواہوں کی تردید کردی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) نوادا کیئرنے لاہور میڈیکل پراجیکٹ بارے آن لائن افواہوں کی تردید کردی۔ نوادا کیئرنے حالیہ میڈیا رپورٹس اور سوشل میڈیا کے جھوٹ کے بارے میں ایک واضح بیان جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ نوادا کیئر نے لاہور پراجیکٹ کے غلط طریقے سے پیش کیا گیا ہے۔ صحت کی دیکھ بھال کرنے والی تنظیم کے تصدیق کی گئی یہ منصوبہ واحد پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

مقبوضہ مغربی کنارے کو ضم کرنے کا فیصلہ مسترد، عالمی برادری اقدامات کرے، پاکستان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان نے اسرائیل کی جانب سے مقبوضہ مغربی کنارے کو ضم کرنے کے متنازع فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے عالمی برادری سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ وزارت خارجہ کے مطابق پاکستان مقبوضہ مغربی کنارے کے انضمام کی اسرائیلی کوششوں اور وہاں صیہونی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

پشاور میں 80 ویں اقوام متحدہ کے دن کی تقریب میں زائرین اسٹالز کے ساتھ مشغول ہیں

لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں پر پیشرفت رپورٹ طلب

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ نے لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں پر پیشرفت رپورٹ طلب کرلی۔ سندھ ہائی کورٹ میں لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ پولیس نے لاپتا شہریوں سے متعلق ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

پنجاب پولیس نے علیمہ خان کے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کروادی

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب پولیس کی جانب سے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کروادی گئی۔ پنجاب پولیس علیمہ خان کے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کروانے اسلام آباد ہائی کورٹ پہنچ گئی، ایس ڈی پی او اظہر شاہ نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کروائی۔ علیمہ خان کو گرفتار نہیں کیا گیا، ایس ڈی پی او اسلام آباد علیمہ خان کو ہمراہ اسلام آباد ہائی کورٹ ..... بقیہ صفحہ 40

بیگم نصرت بھٹو نے تاریخ کے سب سے تاریک دور میں بھی سر بلند رہ کر جدوجہد کی، آصفہ بھٹو

کراچی (ویب ڈیسک) خاتون اول بیگم نصرت بھٹو کہا ہے کہ سابق خاتون اول بیگم نصرت بھٹو ایک غیر

آصفہ بھٹو زرداری نے بادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی بیٹی پر انتہی خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے نے تاریخ کے سب سے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

معمولی حوصلے اور وقار کی حامل خاتون تھیں جنہوں

یہ محض عمارتیں نہیں، حکومتی وژن کی عکاس ہیں، وزیر اعلیٰ سندھ

رزاق آباد کے قریب شہید ذوالفقار علی بھٹو میڈیکل کمپلیکس 290 بستروں پر مشتمل ہوگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی صدارت میں ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبے کے دو اہم ترقیاتی منصوبوں شہید ذوالفقار علی بھٹو انجینئرنگ کالج کے قریب

شہید بے نظیر بھٹو انجینئرنگ کالج، گڈو کے قریب میڈیکل کمپلیکس کے قیام اور خورشید بیگم میموریل انجینئرنگ کالج کی توسیع ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

طلبا نے لاہور، پاکستان میں ڈیل ڈیکرس کی سواری کا لطف اٹھایا

وزیر اعظم کا صنعتوں اور کسانوں کیلئے رعایتی بجلی پیکیج

پیکیج کے تحت صنعتوں، کسانوں کو آئندہ 3 سالوں (نومبر 2025ء سے اکتوبر 2028ء) میں رعایتی قیمت پر اضافی بجلی فراہم کی جائیگی

ملکی صنعتوں، زرعی شعبے کی خطے میں مسابقت بڑھانے اور کاروباری سہولتوں میں اضافے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں، ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے صنعتوں اور کسانوں کے لیے رعایتی بجلی پیکیج کا اعلان کردیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف سے صنعتی وزرعی شعبے کے ماہرین و کاروباری برادری کے وفد نے ملاقات میں پیکیج کے تحت صنعتوں، کسانوں کو آئندہ 3 سالوں (نومبر 2025ء سے اکتوبر 2028ء) میں رعایتی قیمت پر اضافی بجلی فراہم کی جائے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

اسٹیئرنگ پنجاب اسمبلی نے اپوزیشن کے 3 معطل ارکان کو بحال کردیا

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب اسمبلی سے اپوزیشن جماعت کے ارکان کی معطلی کا معاملہ، اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے اپوزیشن کے 3 معطل ارکان کی معطلی ختم کرنے کا اعلان کیا۔ 3 ارکان کی معطلی کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا گیا۔ اپوزیشن کے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

فون سننے کے بعد ایس پی نے اہلکار سے گن چھین کر خود کو گولی ماردی

ایس پی ٹریفک ٹاؤن عدیل اکبر نے اپنے سینے پر گولی ماری، اسپتال میں دوران علاج دم توڑ گئے، ذرائع

کراچی (ویب ڈیسک) اسلام آباد میں تعینات ایس پی ٹریفک ٹاؤن عدیل اکبر نے اپنے سینے پر گولی ماری، اسپتال میں دوران علاج دم توڑ گئے، ذرائع بتایا ہے کہ ایس پی عدیل اکبر نے خود کو گولی ماری، ایس پی عدیل اکبر کے گن مین اور موقع پر موجود دیگر اہلکار حیران رہ گئے، ایس پی عدیل اکبر نے گن مین سے لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ایک فون کال سننے کے بعد ایس پی ٹریفک ٹاؤن عدیل اکبر نے خود کو سینے پر گولی ماری جس پر انہیں فوری طور ..... بقیہ صفحہ 2 نمبر 3

شہریوں کے بجلی کے نرخ میں کسی طرح کی کمی نہیں آئے گی، کے الیکٹرک

نیپرا کے نئے فیصلے سے ہماری مالی مشکلات بڑھیں گی، مرتضیٰ کاظم ہوگا، ترجمان

کراچی (ویب ڈیسک) کے الیکٹرک نے صارفین کو واضح کیا ہے کہ نیپرا کے فیصلے کے بعد شہریوں کے بجلی کے نرخ میں کسی طرح کی کمی نہیں آئے گی، تفصیلات کے مطابق کیفل الیکٹرک پاور لمیٹڈ (کے الیکٹرک) کی جانب سے بجلی کے نرخ میں ..... بقیہ صفحہ 9

دریائے سندھ کے کنگ کنارے سے بھاری مشینری کی غیر قانونی طور پر ریت کی نکاسی، حفاظتی گھنٹی کی خلاف ورزی ہے

پنجاب حکومت نے سندھ کیلئے گندم کے بیج کی فراہمی بند کردی

پیپلز پارٹی کا پنجاب حکومت کے تعصبانہ رویے کے خلاف وفاق کے سامنے سخت احتجاج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے سندھ کے لئے گندم کے بیج کی فراہمی بند کردی، پنجاب سے گندم کے بیج کی فراہمی بند ہونے کی وجہ سے سندھ میں لاکھوں ایکڑ گندم کی کاشت متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ پیپلز پارٹی نے پنجاب حکومت کے تعصبانہ رویے کے خلاف وفاق کے سامنے سخت احتجاج کرتے ہوئے وزیراعظم سے مداخلت کرکے پنجاب حکومت سے سندھ کو گندم کے بیج کی فراہمی شروع کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ پیپلز پارٹی نے وفاقی حکومت ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

کراچی: چیف سیکریٹری سندھ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انتظامی کوتاہیوں سے لاڑکانہ بدامنی کا شکار ہو رہا ہے

سید ایاز شاہ شیرازی

نوجوانوں کو بے قابو چھوڑ دینے سے مختلف مواقع پر ہتھیاروں کی نمائش کے دوران ناخوشگوار واقعات رونما ہوئے ہیں، ایم این اے

لاڑکا علاقہ پولیس اور انتظامیہ کی کوتاہیوں کی وجہ سے شمالی سندھ کے اضلاع کی طرح بدامنی کا شکار ہو رہا ہے، صحافیوں سے بات چیت

لاڑکانہ (نمائندہ پاکستان ٹیلیویژن) ایم این اے سید ایاز علی شاہ شیرازی نے کہا ہے کہ لاڑکا علاقہ پولیس اور انتظامیہ کی کوتاہیوں کی وجہ سے شمالی سندھ کے اضلاع کی طرح بدامنی کا شکار ہو رہا ہے، جہاں جرائم پیشہ مافیا کو جہاں آزادی حاصل ہے، وہاں ہمارے والدین کی بھی بہت کی کوتاہیاں ہیں کیونکہ وہ اپنے بچوں پر نہیں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

ایکسپو سینٹر کراچی میں ہاسکو ایکسپورٹ سینٹر پر مشتمل تاجروں کے وفد کی صوبائی وزیر جام اکرام سے ملاقات، وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال بھی موجود ہیں

ملکی و غیر ملکی کرنسی، جعلی جوائننگ لیٹرز اور ڈالرز برآمد، ملزم گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) شیرجہ تھانہ میں ملکی و غیر ملکی کرنسی، جعلی جوائننگ لیٹرز اور ڈالرز سمیت دیگر اشیا برآمد کرکے پولیس نے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ گارڈن پولیس کے کارروائی کرتے ہوئے ملکی و غیر ملکی کرنسی، پی ٹی اے ..... بقیہ صفحہ 21

کسٹمز اور رینجرز کی مشترکہ کارروائی میں کروڑوں روپے مالیت کے اسمگل شدہ ہائرز برآمد

کراچی (ویب ڈیسک) کسٹمز اور رینجرز کے مشترکہ کارروائی میں کروڑوں روپے مالیت کے اسمگل شدہ ہائرز برآمد کرلیے گئے۔ ترجمان کے مطابق پاکستان کسٹمز اور سندھ رینجرز کی انسداد اسمگلنگ مہم کے تحت خفیہ ..... بقیہ صفحہ 20

ہرابرب، زرتاج گل اور زین قریشی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ہرابرب، زرتاج گل اور زین قریشی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیے گئے۔ جنوں طرمان کے وارنٹ گرفتاری انسداد دہشت گردی عدالت نے جاری کیے، طرمان کے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

عوامی صحت کے معاملات پر سمجھوتہ نہیں، وزیر صحت ڈی ایچ اوز پر برہم

محکمہ صحت کا مقصد عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے، تمام افسران ذمہ داریاں پوری کریں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر صحت وسیم احمد آبادی سندھ کا اکثر مذاحیہ ہوجی ڈی زصدارت صوبے بھر کے ڈی ایچ اوز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس میں لیا، اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز، ایڈیشنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز، سیکریٹری، ریجن ہیلتھ ڈائریکٹرز، ڈپٹی ڈائریکٹرز، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز، ایڈیشنل ڈائریکٹرز، اسٹاف کی حاضری کا جائزہ، اجلاس میں